ایس او پیز (SOPs) نمبر: ابدالین سوسائٹی فیز-I :10 مورخہ: 2026-01-01

ایس او پی (SOPs) برائے گھریلو ملازمین

1۔ گھریلو ملازمین کو معمول کی گھریلو ملازمتوں کے لیے ملازم رکھنا جائز ہے۔

2۔ ذیل میں دو قسم کے کارکنوں کی اجازت ہے۔

- پہلی قسم کے وہ ملازمین جو مالک کے مکان میں 24 گھنٹے رہائش اختیار کرتے ہیں اور ہر گھر میں رہائشی ملازمین کی تعداد 03 سے زیادہ نہ کی جائے۔
- دوسری قسم کے وہ ملازمین جو دن میں کام کر کے واپس چلے جاتے ہیں۔

3۔ گھر کے مالکان / تمام رہائشی حضرات کو نوکروں کو ملازمت دیتے وقت مستعدی سے کام لینا چاہیے اور گھر کے مالکان و کرایہ داران ملازمین کو ملازمت دینے سے پہلے ان کی سابقہ ہسٹری حاصل کریں۔

5۔ گھر کے مالکان / تمام رہائشی حضرات ملازمین کی تصدیق کے لیے پولیس کلیئرنس سرٹیفیکیٹ بھی حاصل کریں۔

6۔ گھر کے مالکان / تمام رہائشی حضرات سوسائٹی کے دفتر میں اپنے ملازمین کی تمام تفصیلات فراہم کریں گے اور ہر ملازم کے لیے ورک پرمٹ / شناختی کارڈ حاصل کریں گے۔ فی ملازم کے کمپیوٹرائزڈ سوسائٹی شناختی کارڈ کی فیس مبلغ۔ /200 روپے ہوگی۔

7۔ گھر کے مالکان / تمام رہائشی حضرات کے لئے لازم ہے کہ جب ان کا ملازم ملازمت چھوڑ دے تو وہ سوسائٹی آفس کو مطلع کریں اور ورک پرمٹ / سوسائٹی شناختی کارڈ اپنے ملازم سے واپس لے کر سوسائٹی آفس میں جمع کروائیں۔

8۔ ملازمین کے بچوں کو پارک میں صرف مخصوص اوقات میں کھیلنے کی اجازت دی جا سکتی ہے، تاہم انہیں بغیر نگرانی کے کھیلنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

9۔ مالک مکان اپنے تمام ملازمین کے لیے قیام و طعام اور صحت کی حفاظت کے لیے تمام تر سہولیات فراہم کرے گا اور یقینی بنائے گا کہ کسی لمبی بیماری یا متعدی مرض کی صورت میں ملازم کو صحت یاب ہونے تک اسپتال میں داخل رکھے تا کہ متعدی امراض سوسائٹی میں نہ پھیلیں۔

10۔ کسی بھی گھر کے ملازم کو ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی کہ وہ عام سہولیات اور سوسائٹی کے عوامی بیت الخلاء کو مستقل بنیادوں پر استعمال کرے۔

جنرل سیکرٹری

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore